Institute of
Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

ADVOCACY AND INNOVATION FUNDS
FOR EDUCATION IN PAKISTAN

# ضلع لودھراں

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء تا جون 2015ء













# ضلع لودھراں

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء تا جون 2015ء

ضلع لودھراں
تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی
جنوری 2015ء تا جون 2015ء


مطبوعات:
انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز
مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد
پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان
فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336
ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: علم آئیڈیاز

ISBN: 978-969-9393-60-0


© 2015 I-SAPS, Islamabad.


رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔
اس ایجنڈا کے مندرجات سے علم آئیڈیاز کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

# فہرست


1- تعارف ........ 1

2- بنیادی مقاصد ........ 1

3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology) ........ 1

4- تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور) ........ 1

5- سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور) ........ 1

6- حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی ........ 2

7- گراف نمبر 1 ۔ صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد وشمار اور درجہ بندی ........ 3

8- گراف نمبر 2 ۔ صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد وشمار اور درجہ بندی ........ 4

9- نقشہ نمبر 1 ۔ صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی ........ 5

10- نقشہ نمبر 2 ۔ صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی ........ 6

## 1-تعارف:

ضلع لودھراں میں تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے صوبائی اسمبلی کے حلقوں کی سطح پر تعلیمی اعداد وشمار کا تجزیہ کیا گیا جس کی بنیاد پر ان حلقوں کی تعلیمی معیار اور سکولوں میں سہولیات کی فراہم کے اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔ صوبائی حلقوں کا یہ چوتھا ششماہی کارڈ ہے۔ جو کہ جنوری 2015ء تا جون 2015ء کے اعداد وشمار کی بنیاد پر چوتھی رینکنگ پیش کرتا ہے۔ پہلے، دوسرے اور تیسرے رینکنگ کارڈ درج ذیل دورانئے کے اعداد وشمار پر مشتمل تھے:

1- پہلا رینکنگ کارڈ جولائی 2013ء تا دسمبر 2013ء، 2- دوسرا رینکنگ کارڈ جنوری 2014ء تا جون 2014ء، 3- جولائی 2014ء سے دسمبر 2014ء۔ چھ ماہ بعد کی جانے والی یہ رینکنگ صوبائی حلقوں میں ہونے والی تعلیمی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے معاون ثابت ہو گی۔ اس رینکنگ کارڈ میں ضلع لودھراں کے تمام صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں پی پی 207، پی پی 208 پی پی 209، پی پی 210 اور پی پی 211 شامل ہیں۔

## 2-بنیادی مقاصد:

صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا مقصد عوامی نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کو حلقے میں موجود طلباء و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے معاونت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے حلقہ کی تعلیمی صورتحال اور معیارِ تعلیم بہتر کرنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کریں اور سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے فقدان کو کم کیا جا سکے۔ یہ رینکنگ کارڈ ہر صوبائی حلقہ کے شہریوں کو بھی معاونت فراہم کرے گا کہ وہ اپنے حلقے کے تعلیمی مسائل کو اپنے منتخب نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کے سامنے مؤثر طریقے سے پیش کر سکیں جس سے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔

## 3-درجہ بندی کا طریقہ (Ranking Methodology)

ضلع لودھراں کے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کے لیے دو طرح کے اعداد وشمار کو استعمال کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

### (i) تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور)


حلقوں میں موجود سکولوں کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں اعداد وشمار جمع کیے گئے ہیں۔ ان تعلیمی اعداد وشمار میں پانچویں، آٹھویں اور دسویں جماعت کے امتحانی نتائج (فیصد)، حاضر اساتذہ (فیصد)، طلباء کی حاضری (فیصد) اور طلباء و سکولوں کی صفائی (فیصد) کی صورتحال کے متعلق اعداد و شمار لیے گئے ہیں۔ ان سات Indicators کی اوزنی اوسط (Weighted Average) مجموعی تعلیمی سکور کو ظاہر کرتی ہے۔

### (ii) سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور)


اس حصہ میں حلقوں میں موجود سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولتوں کے حوالے سے اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ ان دستیاب سہولتوں میں چار دیواری، پینے کا پانی، لیٹرین اور بجلی شامل ہیں۔ ان چار دستیاب سہولتوں کی اوسط فراہمی (Weighted Average) سکول سکور کو ظاہر کرے گی۔

درج بالا طریقہ کار کے مطابق اگلے صفحات پر تعلیمی معیار اور دستیاب سہولتوں کے لحاظ سے حلقوں کی درجہ بندی ظاہر کی گئی ہے۔

# حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی




## گراف نمبر 1: صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| PP-207 | PP-208 | PP-209 | PP-210 | PP-211 | |
|---|---|---|---|---|---|
| 90.06 | 65.77 | 68.75 | 79.27 | 73.85 | طلباء کی صفائی ستھرائی 2.50% |
| 77.56 | 69.04 | 65.63 | 83.54 | 78.17 | سکول میں صفائی 2.50% |
| 94.90 | 91.44 | 94.15 | 94.11 | 93.29 | حاضر طلباء 15% |
| 94.81 | 91.45 | 92.65 | 90.75 | 93.63 | حاضر اساتذہ 15% |
| 44.20 | 46.87 | 44.65 | 45.36 | 44.20 | میٹرک کے نتائج 20% |
| 59.76 | 63.26 | 67.34 | 65.42 | 68.90 | آٹھویں کے نتائج 20% |
| 49.15 | 54.53 | 60.31 | 61.53 | 63.75 | پانچویں کے نتائج 25% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-211 کا مجموعی تعلیمی سکور 70.39 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے PP-211 پہلے نمبر پر ہے۔ حلقہ PP-210 کا مجموعی تعلیمی سکور 69.34 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے جبکہ حلقہ PP-209 کا مجموعی تعلیمی سکور 68.86 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہے۔ ضلع لودھراں کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں بہتری لائیں گے تاکہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔
- اوپر دیئے گئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع لودھراں کے میٹرک کے نتائج اس مرتبہ زیادہ اچھے نہیں رہے۔ اس ضمن میں سب سے کم نتیجہ PP-207 اور PP-211 کا رہا۔ طلباء کی صفائی ستھرائی کے لحاظ سے PP-207 سب سے آگے رہا جبکہ سکولوں کی صفائی میں PP-210 اس مرتبہ سبقت لے گیا ہے۔ موجودہ درجہ بندی میں طلباء اور اساتذہ کی حاضری تمام حلقوں میں نہایت متاثر کن رہی ہے۔

## گراف نمبر 2: صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی





| PP-209 | PP-208 | PP-207 | PP-211 | PP-210 | |
|---|---|---|---|---|---|
| 95.60 | 97.71 | 97.66 | 100 | 100 | لیٹرین 30% |
| 95.60 | 98.47 | 100 | 100 | 100 | چار دیواری 20% |
| 82.42 | 86.26 | 93.57 | 92.42 | 92.68 | بجلی 20% |
| 96.70 | 98.47 | 100 | 100 | 100 | پانی 30% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-210 کا مجموعی سکول سکور 98.54 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے، لہٰذا بنیادی سہولیات کے اعتبار سے PP-210 پہلے نمبر پر ہے۔ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-211 کا مجموعی سکول سکور 98.48 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولیات کے اعتبار سے دوسرے اور حلقہ PP-207 مجموعی سکول سکور 98,01 کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ ضلع لودھراں کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے تا کہ مستقبل میں ان کا بھی شمار پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔
- اوپر دیئے گئے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ PP-210 اور PP-211 کے تمام سکولوں میں لیٹرین، چار دیواری اور پانی کی سہولیات دستیاب ہیں۔ اسی طرح حلقہ PP-207 کے سکورز کو دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ حلقے کے تمام سکولوں میں چار دیواری اور پانی کی سہولت موجود ہے۔ بنیادی سہولیات کے لحاظ سے PP-208 اور PP-209 ضلع کے تمام حلقوں میں سب سے پیچھے ہیں۔ PP-208 اور PP-209 کے بالترتیب 14 فیصد اور 18 فیصد سکول بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔

## نقشہ نمبر1: صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی

| حلقہ نمبر | چوتھی ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2015ء | تیسری ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2014ء | دوسری ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2014ء | پہلی ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2013ء |
|---|---|---|---|---|
| پی پی 211 | 1st | 1st | 2nd | 2nd |
| پی پی 210 | 2nd | 4th | 3rd | 1st |
| پی پی 209 | 3rd | 2nd | 1st | 4th |
| پی پی 208 | 4th | 3rd | 4th | 3rd |
| پی پی 207 | 5th | 5th | 5th | 5th |





حلقہ PP-211 نے اپنی سابقہ پہلی پوزیشن موجودہ درجہ بندی میں بھی برقرار رکھی ہے جو کہ انتہائی قابل ستائش ہے۔ یاد رہے کہ اس حلقہ کی پہلی اور دوسری تعلیمی درجہ بندی میں دوسری پوزیشن تھی۔

PP-210 موجودہ درجہ بندی میں چوتھے سے دوسرے نمبر پر آ گیا ہے' درجہ بندی میں اس بہتری کی وجہ طلباء اور سکول کی صفائی' طلباء کی حاضری اور آٹھویں کے نتائج کا بہتر ہونا ہے۔ حلقہ PP-209 تعلیمی درجہ بندی میں تنزلی کا شکار ہو کر دوسرے سے تیسرے نمبر پر آ گیا ہے۔

حلقہ PP-207 پچھلی تمام درجہ بندیوں کی طرح اس مرتبہ بھی آخری نمبر پر ہے جس کی وجہ حلقے کے بچوں کے پانچویں' آٹھویں اور دسویں جماعت کے نتائج کا کم ہونا ہے۔

## نقشہ نمبر2: صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی

| حلقہ نمبر | چوتھی ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2015ء | تیسری ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2014ء | دوسری ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2014ء | پہلی ششماہی درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2013ء |
|---|---|---|---|---|
| پی پی 210 | 1st | 3rd | 3rd | 3rd |
| پی پی 211 | 2nd | 5th | 5th | 1st |
| پی پی 207 | 3rd | 2nd | 1st | 2nd |
| پی پی 208 | 4th | 4th | 4th | 4th |
| پی پی 209 | 5th | 1st | 2nd | 5th |




حلقہ PP-210 سکولوں میں بنیادی سہولیات کی دستیابی کے حوالے سے کی گئی رینکنگ میں پہلے نمبر پر ہے جبکہ یہ حلقہ سابقہ تینوں رینکنگ میں تیسرے نمبر پر تھا۔ حلقہ PP-211 کی موجودہ رینکنگ میں دوسری پوزیشن ہے جبکہ سابقہ دو رینکنگ میں پانچویں پوزیشن پر تھا' درجہ بندی میں اس بہتری کی وجہ حلقے کے سکولوں میں لیٹرین اور پینے کے پانی کی سہولیات کا بہتر ہونا ہے۔ PP-209 بنیادی سہولیات کی دستیابی کے حوالے سے تنزلی کا شکار ہو کر موجودہ رینکنگ میں پہلی سے پانچویں پوزیشن پر آ گیا ہے۔

**نوٹ:** رینکنگ کارڈ میں استعمال کیے گئے اعداد و شمار (Programme Monitoring and Implementation Unit (PMIU، 
(Punjab Examination Commission (PEC اور متعلقہ بورڈ سے حاصل کیے گئے ہیں

ضلع لودھراں میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کے لیے انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبہء تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبہء تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کے لیے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام و انصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ISBN: 978-969-9393-60-0

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org info@i-saps.org 051-111-739-739

@I_SAPS facebook.com/I-SAPS.pk